**Allama Iqbal Open University, Islamabad**
**Examinations Department**

**Semester Terminal Exams (STE), Autumn 2020**
**BA (Renamed as Associate Degree)**

## ضروری ہدایات برائے طلبہ

عزیز طلبہ!

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ درج بالا پروگرامز کے امتحانات تدریسی کیلنڈر کے مطابق 16 اپریل تا 31 مئی 2021 تک منعقد ہونا تھے لیکن ملک بھر میں کرونا وائرس کے بڑھتے ہوئے کیسز اور لاک ڈاؤن کے پیش نظر ان کا انعقاد التواء کا شکار ہو گیا ہے۔ اس سلسلے میں طلبہ و طالبات کے تعلیمی سال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مجاز اتھارٹی نے ایک پالیسی کی منظوری دی ہے جس کے چیدہ چیدہ نکات درج ذیل ہیں:-

(1) (i)۔ بی اے (Renamed as Associate Degree) پروگرام کے طلبہ کے "Semester Terminal Exam" پیپرز 5 جون 2021 کو یونیورسٹی ویب سائٹ پر رولنمبر سلپ والی آپشن میں اپلوڈ کیے جائیں گے۔ طلبہ کو بذریعہ ڈاک کوئی پیپر نہیں بھجوایا جائے گا۔ صرف رولنمبر سلپ بذریعہ ڈاک بھی بھجوائی جائے گی جس میں طالب علم کے متعلقہ کورسز کی تفصیل، حل شدہ پیپر متعلقہ ٹیوٹر کو بھجوانے کی آخری تاریخ اور ٹیوٹر کے ایڈریس سے متعلق تفصیل درج ہوگی۔ رولنمبر سلپ ڈاک میں نہ ملنے کی صورت میں یونیورسٹی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ بھی کی جا سکے گی۔

(ii)۔ پیپر کو حل کرنے سے پہلے دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھ اور سمجھ لیں، جوابات متعلقہ مواد پر مشتمل ہوں، غیر ضروری تشریحات سے پرہیز کریں۔ غیر متعلقہ، چوری شدہ، کسی کتاب یا دوسرے میڈیا سے کاپی شدہ مواد مسترد تصور ہوگا اور چربہ سازی اور نقل کا (unfair means) کیس بنایا جائے گا۔

(iii)۔ ہر کورس کوڈ کا پیپر کُل 03 سوالات پر مشتمل ہوگا۔ تمام سوالات حل کرنے لازمی ہونگے۔ ایک سوال کا جواب 600 سے 800 الفاظ تک لکھ سکتے ہیں، 800 الفاظ سے زائد ہونے کی صورت میں اُس سوال کی نیگیٹو مارکنگ ہوگی۔

(2) **پرچہ جات حل کرنے کے بعد 3 عدد مشقی پرت فل کر کے جوابات کے ساتھ منسلک کریں** اور اسے اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو رجسٹرڈ پوسٹ کر دیں اور رسید اپنے پاس سنبھال کر رکھیں۔ اگر آپ کو اپنے ٹیوٹر کا علم نہ ہو تو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے ٹیوٹر لنک سے چیک کر لیں (si.aiou.edu.pk)۔

ٹیوٹر سے متعلقہ اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے اپنے متعلقہ علاقائی دفتر سے فوری رابطہ کریں۔

(3) جوابی کاپیاں اپنی لکھائی (Handwriting) میں کسی بھی قسم کی سفید شیٹ/کاغذ پر حل کریں اور ہر حل شدہ صفحہ پر اپنا نام اور رولنمبر لازمی درج کریں اور دستخط کریں۔ لکھائی سابقہ اور آئندہ پیپرز اور جمع شدہ اسائنمنٹ کے ساتھ ٹیلی کی جائے گی۔ ٹیلی نہ ہونے کی صورت میں (Unfair Means) کیس بنایا جائے گا اور طالب علم کو فیل قرار دیا جائے گا اور اس کے خلاف تادیبی کارروائی بھی کی جائے گی۔

(4) اگر کسی طالب علم کا ایک سے زیادہ کورس کوڈ کا ایک ہی ٹیوٹر ہو تو بھی طالب علم کو چاہیے کہ وہ ہر کورس کوڈ کی حل شدہ کاپی الگ لفافے میں پوسٹ کرے اور رسید اپنے پاس سنبھال کر رکھے۔

ہر کورس کوڈ کی جوابی کاپی بھجوانے کے لئے الگ لفافہ استعمال کریں۔ جوابی کاپیاں بذریعہ رجسٹری/مستند کوریئر سروس کے ذریعے ہی بھجوائی جائیں۔ اس کے علاوہ بھجوائی گئی جوابی کاپیاں قابل قبول نہ ہونگی۔

(5) بی اے پروگرام کے لئے صرف ہاتھ سے لکھے گئے جوابات قابل قبول ہونگے۔ ٹائپ شدہ اور مختلف لکھائی والی جوابی کاپیاں مسترد کر دی جائیں گی اور (Unfair Means) کیس بنایا جائے گا۔

(6) آپ کی جوابی کاپیاں متعلقہ ٹیوٹر کو **20 جون 2021** سے پہلے موصول ہو جانی چاہیں۔ بصورتِ دیگر آپ کو غیر حاضر تصور کیا جائے گا جسکی تمام تر ذمہ داری آپ پر ہوگی۔ ہر کورس کوڈ کی جوابی کاپیوں کے آخر میں بیانِ حلفی (جو کہ ان ہدایات کے آخر میں ہے) لازمی پُر کریں اور جوابی کاپیوں کے ساتھ منسلک کر دیں۔

(7) (i)۔ اگر رولنمبر سلپ پر آپکا کوئی کورس کوڈ شامل نہ ہو تو اس نمبر پر رابطہ کریں 051-9250051, 051-9057648

(ii)۔ سوالیہ پرچہ جات کے حوالے سے کوئی مسئلہ ہو تو اس نمبر پر رابطہ کریں 051-9250006, 051-9057644

(iii)۔ اس سلسلے میں ساتھی طلبہ سے رابطے میں رہیں اور یونیورسٹی ویب سائٹ کو وقتاً فوقتاً چیک کرتے رہیں۔

(iv)۔ مزید راہنمائی کے لئے اپنے متعلقہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے علاقائی دفتر سے رابطہ کریں۔

(v)۔ کورس کوڈ 402, 405, 411, 451, 456, 473 کے پیپرز پہلے ہی منعقد ہو چکے ہیں۔ ان کورسز کا سمسٹر ٹرمینل امتحان نہیں ہوگا۔


(ڈاکٹر توقیر احمد خان)

کنٹرولر امتحانات

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

فون نمبر 051-9250049, 9057648, 051-9250006, 051-9250051


Scanned with CamScanner